ٹینڈر فیس:-/5,000روپے

# ٹینڈر دستاویزات

برائے

# کاغذ / بلیچ کارڈ کی خریداری

نیشنل بک فاؤنڈیشن، صدر دفتر، اسلام آباد

# فہرست

| نمبر شمار | کوائف | تفصیل |
|---|---|---|
| .1 | ٹینڈر وصول اور کھولنے کی تاریخ و جگہ | صفحہ نمبر03 ( سیریل نمبر1-2) |
| .2 | پیپر / بلیچ کارڈ کی ضرورت / طلب | صفحہ نمبر03 (سیریل نمبر 03) |
| .3 | پیپر / بلیچ کارڈ کی تصریحات | صفحہ نمبر03 (سیریل نمبر 04) |
| .4 | دستاویزات کی ضرورت | صفحہ نمبر04 سیریل نمبر1(i تا xi) اور12 کے مطابق۔ |
| .5 | شرائط وضوابط | صفحہ نمبر04-05 (سیریل نمبر 1 تا22) |
| .6 | جانچ پڑتال کا معیار | صفحہ نمبر 06 (سیریل نمبر 1 تا09) |
| .7 | ٹینڈر کی پیشکش کے متعلق سرٹیفکیٹ / اقرار نامہ Annex-A | صفحہ نمبر07 کے مطابق۔ |
| .8 | بیان حلفی برائے بلیک لسٹ Annex-B | صفحہ نمبر08 کے مطابق ہو۔ |
| .9 | فنانشل پروپوزل Annex-C | صفحہ نمبر09 کے مطابق ہو۔ |
| .10 | تحریری معاہدہ کا ڈرافٹ پیپر Annex-D | صفحہ نمبر10 تا12 |

**نوٹ:** ٹینڈر پیشکش کنندہ سے درخواست ہے کہ بالا فہرست کے مطابق ٹینڈر کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد ٹیکنیکل پروپوزل اور فنانشل پروپوزل کے دونوں لفافے ایک ہی سر بمہر لفافہ میں ٹینڈر جمع کرائیں۔ البتہ نمونہ جات / سیمپل الگ لفافے میں دیئے جاسکتے ہیں۔

# (ٹینڈر انکوائری برائے کاغذ / بلیچ کارڈ خریداری)

1- ٹینڈر انکوائری نمبر:1546/ایچ پی ایچ70/(56)، مورخہ 28 جنوری، 2026ء۔

2- (i) ۔ ٹینڈر وصول کرنے کی آخری تاریخ 12 فروری، 2026ء بوقت 11:00 بجے تک۔

(ii)۔ ٹینڈر کھولنے کی جگہ کمیٹی روم نیشنل بُک فاؤنڈیشن، 6ماؤ ایریا، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد۔
مورخہ 12 فروری، 2025ء بوقت 11:30 بجے۔

3- نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو درسی کتب اور جنرل کتب کی چھپائی کیلئے مندرج ذیل گرامجز کے ورجن پلپ کریم وؤ پرنٹنگ پیپر لوکل (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) درکار ہے۔
(ایک رم کاغذ 500 شیٹس اور ایک پیکٹ بلیچ کارڈ 100 شیٹس پر مشتمل ہو گا)۔

| نمبر شمار | سائز/گرام | تعداد/مقدار |
|---|---|---|
| .1 | **68 گرام ورجن پلپ کریم وؤ پرنٹنگ پیپر لوکل (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local)** | **500 میٹرک ٹن** |
| .2 | **23x36/210 گرام بلیچ کارڈ (امپورٹڈ)** | **10,000 پیکٹ** |
| نوٹ:- ٹینڈر دہندہ (جو پارٹیاں 68 گرام ورجن پلپ کریم وؤ پرنٹنگ پیپر لوکل میں شمولیت/حصہ لے گا) اپنے ریٹ گرامیج کے حساب سے دے۔ سائز این بی ایف **حسبِ ضرورت** **23x36، 22.5x34.5 اور 20x30** اپنے سپلائی آرڈر میں واضح کر دے گا علاوہ ازیں این بی ایف مندرجہ بالا تعداد میں کمی و بیشی کر سکتا ہے۔ | | |

4- ٹیکنیکل پروپوزل (Technical Proposal) کے ساتھ فراہم کیے ورجن پلپ کریم وؤ پرنٹنگ پیپر لوکل (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local)، اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کے نمونہ جات مندرجہ ذیل تصریحات (Specifications) کے مطابق ہونے چاہئیں:۔

| S.No | Particular/Items | Substance / Gramages | Brightness | Opacity | Burst Factor | Tear Factor | Thickness | Glazness | PCSIR TEST FEE |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | **Virgin pulp Cream Wove Printing Paper (local)** | **68** | **80%** | **85%** | **12.1 & above** | **a)MD 40 b)CD 45** | **-** | **Both Side** | **Rs. 20,000/-** |
| 2. | **Bleach card 20x30 (Imported)** | **210** | **84%** | **95%** | **14 & above** | **-** | **280** | **One Side** | **Rs.19,000/-** |
| 3. | **Variation of ±3% in the specifications of Paper and Bleach Card are permissible but average shall not be less than required specifications.** | | | | | | | | |
| 4. | ورجن پلپ کریم وؤ پرنٹنگ پیپر لوکل Virgin Pulp (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) سے تیار کردہ ہو۔ دوبارہ تیار شدہ (Recycled Paper) قابلِ قبول نہیں ہو گا۔ کاغذ پر سیاہی نہ پھیلے، داغ دھبے اور سوراخ (Pin Hole) نہ ہوں۔ | | | | | | | | |
| 5. | این بی ایف کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ مندرجہ بالا تصریحات کے مطابق موصول شدہ نمونہ جات میں سے کاغذ مکمل تعداد میں خریدے یا ضرورت کے مطابق خریداری کرے۔ | | | | | | | | |

## شرائط وضوابط

1. ٹینڈر دہندہ اپنے ٹینڈر / پیشکش کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کرے۔

i. این بی ایف کی جاری کردہ اصل رسید مبلغ **-/5,000** روپے بسلسلہ خریداری ٹینڈر دستاویزات (نا قابلِ واپسی)۔

ii. فوٹو کاپی Valid سیلز ٹیکس رجسٹریشن (GST) سر ٹیفکیٹ۔

iii. فوٹو کاپی Valid نیشنل ٹیکس رجسٹریشن (NTN) سر ٹیفکیٹ۔

iv. بولی دہندہ ٹینڈر جمع کراتے وقت **3%** کے حساب سے بطور سیکورٹی (قابلِ واپسی) بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام این بی ایف جمع کرائے گا (بنک گارنٹی کال کی جائے گی)۔ بصورت دیگر ٹینڈر قابلِ قبول نہیں ہو گا۔ ناکام بولی دہندہ کی ٹینڈر میں جمع شدہ بِڈ سیکورٹی ٹیکنیکل پروپوزل کا نتیجہ آنے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

v. سر ٹیفکیٹ / اقرار نامہ **-/100** روپے کے اشٹام پیپر پر پیش کریں **(Annex-A)**۔

vi. فرم / سپلائر کو ٹینڈر میں ایک حلف نامہ **-/100** روپے کے اشٹام پیپر پر مہیا کرنا ہو گا جس میں یہ بیان کرے گا کہ اُس فرم کو کبھی کسی سرکاری / نیم سرکاری / خود مختار ادارے سے بلیک لسٹ نہیں کیا گیا اور یہ کہ اُس فرم / سپلائر کے خلاف کوئی قانونی کاروائی زیر عمل نہیں ہے -(Annex-B)

vii. بنک ڈرافٹ برائے لیبارٹری ٹیسٹ فیس (شرائط وضوابط تفصیل سیریل نمبر 04 کے مطابق)۔

viii. 10 عدد شیٹس ورجن بلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر (لوکل) (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) ٹیسٹ سیمپل / نمونہ جات مطلوبہ سائز / گرامجز کے مطابق ٹینڈر کے ساتھ منسلک کریں۔ سیمپل / نمونہ جات ٹینڈر انکوئری کے سیریل نمبر 04 کے مطابق ہونے چاہیئے اور ٹینڈر دہندگان پیش کردہ سیمپل / نمونہ جات کے مطابق مال سپلائی کرنے کے پابند ہوں گے۔ جسکی ہر شیٹ پر کمپنی برانڈ کے ساتھ پیپر اور بلیچ کارڈ کے گرامجز کی تفصیل درج ہو۔ حجم زیادہ ہونے کی وجہ سے الگ لفافہ منسلک کیا جا سکتا ہے۔

ix. ٹینڈر کھولنے کے موقع پر متعلقہ فرموں کے نمائندگان اپنی فرموں / کمپنیوں سے اتھارٹی لیٹر ہمراہ لانے کے پابند ہوں گے۔

x. **ٹینڈر پروفارما (Tender Performa) فنانشل پروپوزل** جس میں ورجن بلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر (لوکل) (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کے نرخ گرامجز تمام ٹیکسز شامل کر کے درج کیے جائیں۔ پیپر اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کی ڈیلیوری لاہور، پشاور اور اسلام آباد پہنچ کی بنیاد پر بشمول کرایہ لوڈنگ، اَن لوڈنگ کے اخراجات برائے سائز / گرامجز الگ الگ تفصیل (Annex-C) فنانشل پروپوزل **(Financial Proposal)** میں درج کی جائے، جس میں نرخ پاکستانی روپے میں واضح طور پر دیئے گئے ہوں ٹینڈر کھولنے کے بعد کسی قسم کا دعویٰ **(Claim)** قابل قبول نہیں ہو گا یعنی ٹینڈر کھولنے کے بعد تخمینہ جات میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہو گی۔

xi. کامیاب ٹینڈر دہندہ معاہدے کے ساتھ کل مالیت کا **5%** کے حساب سے بطور بینک سیکورٹی / گارنٹی (قابلِ واپسی) بنام این بی ایف جمع کرائے گا۔

1. **ٹینڈر ایک لفافہ میں پیش کیا جائے جو ٹیکنیکل پروپوزل اور فنانشل پروپوزل کے لفافوں پر مشتمل مکمل طور پر سربمہر ہونا چاہیے جو کہ ایک ہی دن کھولے جائیں گے۔**
2. پیشکش ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے **90** دن تک مؤثر رہے گی۔
3. ٹینڈر نیشنل بک فاؤنڈیشن، 6 ماؤ ایریا، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد سیکریٹری صاحب کے PA کے کمرے میں رکھے گئے ٹینڈر باکس میں ڈراپ کئے جائیں ٹینڈر باکس کے علاوہ ٹینڈر منظور نہیں کئے جائینگے۔ ٹینڈر مورخہ 12 فروری، 2026ء بوقت 11:00 بجے تک پہنچ جانے چاہئیں۔ 11:00 بجے کے بعد کوئی ٹینڈر وصول نہیں کیا جائے گا ٹینڈر کھولنے کے دِن کوئی ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائے گا۔ ٹینڈر کی تاریخ اور وقت کے بعد کوئی ٹینڈر قابلِ قبول نہیں ہو گا اور اُس کو مسترد کر دیا جائے گا۔
4. نامکمل پیشکش، جس میں ابہام پایا گیا ہو یا مشروط ہو وہ خارج کر دی جائے گی۔
5. ورجن بلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر (لوکل) (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ورجن بلپ ہونے کی صورت میں قابلِ قبول ہو گا اور جس میں سیاہی نہ پھیلے اور سوراخ (Pin Hole) نہ ہوں۔
6. کوئی فرم جو نیشنل بک فاؤنڈیشن کے ساتھ مقدمہ بازی میں ملوث رہی ہو یا پہلے کسی معاہدے کی خلاف ورزی کی ہو، وہ ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل نہیں ہو گی۔
7. تمام پیشکشیں غیر مشروط ہونی چاہیے بصورتِ دیگر مسترد کر دی جائیں گی۔
8. ٹیکنیکل پروپوزل (Technical Proposal) اور فنانشل پروپوزل (Financial Proposal) **مورخہ 12 فروری، 2026ء** بوقت 11:30 بجے این بی ایف کے افسران پر مشتمل کمیٹی اور پیشکش دہندگان یا اُن کے مجاز نمائندوں کے روبرو کھولی جائے گی۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کے نمونہ جات کو مطلوبہ تصریحات کی جانچ کیلئے PCSIR لیبارٹری کو بھیجی جائیں گی ان ٹیسٹوں پر آنے والے اخراجات متعلقہ ٹینڈر دہندہ سے بینک ڈرافٹ / پے آرڈر کی صورت میں پیشگی وصول کیے جائیں گے۔ ٹیسٹوں کی فیس ٹینڈر کے ساتھ (ٹینڈر انکوئری سیریل نمبر 04 کی تصریحات کے مطابق) ٹینڈر کے ساتھ پے آرڈر / بنک ڈرافٹ کی صورت میں منسلک کریں جو کہ نا قابلِ واپسی ہو گی۔ البتہ ٹیسٹ کی فیس زیادہ ہونے کی صورت میں پارٹی کو مطلوبہ رقم معاہدے سے پہلے ادا کرنی ہو گی۔
9. پر کیورمنٹ کمیٹی کی سفارشات کے مطابق مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل بک فاؤنڈیشن پیپر کی مقدار میں کمی و بیشی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
10. کمیٹی کسی بھی وقت مال کا معائنہ کر سکتی ہے اور معائنہ کے دوران کسی قسم کی غیر معیاری ہونے کی صورت میں مال دہندہ سے کُل رقم کی **2%** (دو فیصد) کٹوتی کی جائے گی۔
11. PCSIR کی رپورٹ موصول ہونے پر صرف اُن ٹینڈر دہندگان کی کے ساتھ معاہدے کئے جائیں گے جن کی رپورٹس مطلوبہ معیار کے مطابق پائی گئیں۔ اس کیلئے

متعلقہ ٹینڈر دہندگان کو تاریخ اور وقت کے متعلق بذریعہ خط یا ٹیلیفون اطلاع کر دی جائے گی۔

12. فنانشل پیشکش میں کم نرخ ٹینڈر دہندگان کو تحریری اطلاع دی جائے گی جس میں اُسے ادارے کے ساتھ تحریری معاہدہ (Annex-D) کرنے کو کہا جائے گا۔

13. ٹینڈر دستاویز کی شرائط و ضوابط پورا نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔

14. کامیاب ٹینڈر دہندہ ادارہ کے ساتھ پیشکش کی منظوری کی اطلاع دینے کے **تین (3) دن** کے اندر بحساب کُل مالیت کے **0.25** فی صد اشٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا۔ مزید یہ کہ اگر گورنمنٹ کی طرف سے کوئی اور ٹیکس لاگو کیا جاتا ہے تو ٹینڈر دہندگان مطلوبہ رقم دینے کا پابند ہو گا۔

15. اگر کامیاب ٹینڈر دہندہ مقررہ مدت کے دوران ادارے کے ساتھ معاہدہ کرنے میں ناکام رہا تو اُس کی پیشکش منسوخ کر دی جائے گی اور اُس کا زرِ بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا اور ورجن پلپ کریم وو پرنٹنگ پیپر (لوکل)(Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کی خریداری دوسرے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ سے کر لی جائے گی یا قانون کے مطابق کوئی متبادل طریقہ اختیار کیا جائے گا۔

16. اگر کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنی پیشکش سے منحرف ہو جائے یا اس میں کسی قسم کی تبدیلی کرنا چاہے یا معاہدہ کی پابندی نہ کرے تو اُس کی پیشکش منسوخ تصور کی جائے گی اور اُس کا زرِ بیعانہ اگر کوئی بل ادائیگی ہو تو وہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔

17. کامیاب ٹینڈر دہندہ ورجن پلپ کریم وو پرنٹنگ پیپر (لوکل)(Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کی سپلائی معاہدے کی تاریخ سے **دس (10) دن** کے اندر یا بعد میں ادارے کی طرف سے دیئے گئے شیڈول کے مطابق مکمل کرنے کا پابند ہو گا۔ تاہم ناگزیر حالات کی صورت میں سپلائی میں تاخیر صرف **پانچ (5) دن** تک قابلِ غور ہو گی۔ دیئے گئے شیڈول کے **پانچ (5) دن** کے بعد لیٹ سپلائی کی صورت میں -/5000 روپے یومیہ جرمانہ ہو گا جس کی کٹوتی اُس کے بل سے کی جائے گی البتہ نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ کسی بھی وجہ سے سپلائی معاہدہ کی مدت گزرنے کے بعد سپلائی کی مدت کو بڑھا سکے۔

18. **ٹینڈر دہندگان سے گذارش ہے کہ وہی کمپنی / فرم ٹینڈر میں حصہ لے جو کہ ٹینڈر کھولنے کے بعد دس (10) دن کے اندر سپلائی مکمل کرنے کی اہلیت رکھتی ہو۔ بصورتِ دیگر خریداری دوسرے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ سے کر لی جائے گی۔**

19. نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو استحقاق حاصل ہے کہ وہ ورجن پلپ کریم وو پرنٹنگ پیپر (لوکل)(Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کی مقدار کم و بیش کر سکتا ہے نیز پیپر اور بلیچ کارڈ کی مکمل یا تھوڑی مقدار میں خریداری کرے یا انکار کر دے۔

20. اگر ادارے کو مطلوبہ پیپر اور بلیچ کارڈ کے علاوہ اضافی پیپر اور بلیچ کارڈ درکار ہو تو PPRA رولز کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ ایڈیشنل (کل تعداد کا) 15% اضافی پیپر اور بلیچ کارڈ دیے گئے نرخ کے مطابق دینے کا پابند ہو گا۔

21. کامیاب ٹینڈر دہندہ کے فراہم کردہ ورجن پلپ کریم وو پرنٹنگ پیپر (لوکل) (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کی کھیپ ادارے کی طرف سے نامزد کردہ اسپیسکشن کمیٹی ٹینڈر دہندہ اور این بی ایف کے گودام میں کسی بھی وقت چیک کر سکتی ہے اور ضرورت پڑنے پر گورنمنٹ لیبارٹری سے بھی چیک کروائی جا سکتی ہے۔ اگر اس کے فراہم کردہ نتائج نمونہ جات کے مطابق نہ پائے گئے تو تمام کھیپ منسوخ کر دی جائے گی اور زرِ بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔ نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو فراہم کردہ ورجن پلپ کریم وو پرنٹنگ پیپر (لوکل)(Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کھیپ میں سے جو مقدار ناقص پائی جائیگی تو اس مال کی واپسی فرم / کمپنی اپنے خرچے سے کرنے کی پابند ہو گی اس کے باوجود اگر اگلی کھیپ میں بھی ناقص سپلائی کی گئی تو معاہدہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔

22. ٹیکس کی کٹوتی قواعد و ضوابط کے مطابق کی جائے گی۔

23. نیشنل بُک فاؤنڈیشن یہ حق محفوظ رکھتی ہے کہ وہ کوئی ٹینڈر جزوی یا مکمل طور پر PPRA کے رُول 33 کے مطابق منسوخ کر دے۔

24. **ٹینڈر دہندگان سے گذارش ہے کہ وہی کمپنی / فرم ٹینڈر میں حصہ لے جو PPRA کی ویب سائیڈ www.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہوں اور ٹینڈر دستاویزات Hard Copy نیشنل بک فاؤنڈیشن میں physically جمع کروانے کے علاوہ soft copy بھی مذکورہ ویب سائیڈ پر اپلوڈ کریں (جس کی کاپی اپنے ٹینڈر دستاویزات کے ساتھ منسلک کریں ورنہ آپ کا ٹینڈر منسوخ تصور کیا جائے گا)۔**

# جانچ وپڑتال کامعیار (Evaluation Criteria)

1. ٹینڈر دستاویزات کی شرائط وضوابط پر پورا نہ اُترنے کی صورت میں کوئی بھی ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا۔
2. ٹینڈر نیشنل بُک فاؤنڈیشن،6ماؤ ایریا، سیکٹرG-8/4، اسلام آباد سیکریٹری صاحب کے PA کے کمرے میں رکھے گئے ٹینڈر باکس میں ڈراپ کئے جائیں ٹینڈر باکس کے علاوہ ٹینڈر منظور نہیں کئے جائینگے۔ ٹینڈر مورخہ 12 فروری، 2026ء بوقت 11:00 بجے تک پہنچ جانے چاہئیں۔ 11:00 بجے کے بعد کوئی ٹینڈر وصول نہیں کیا جائے گا۔ ٹینڈر کھولنے کے دِن کوئی ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائے گا۔ ٹینڈر کی تاریخ ووقت گزرنے کے بعد کوئی ٹینڈر قابل قبول نہیں ہو گا اور اُس کو مسترد کر دیا جائے گا۔
3. شرائط وضوابط کی شِق نمبر 1 ( i تا xi ) میں مطلوبہ کاغذات ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہیں۔ بصورتِ دیگر ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا۔
4. نامکمل پیشکش، جس میں ابہام پایا گیا ہو وہ خارج کر دی جائے گی۔
5. ورجن پلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر (لوکل)(Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ورپلیچ کارڈ (امپورٹڈ) ٹینڈر میں دی گئی تصریحات شِق نمبر 4 کے مطابق ہونے کی صورت میں قابلِ قبول ہونگے۔
6. ٹینڈر دہندگان میں سب سے کم نرخ دینے والی پارٹی سے خریداری کی جائے گی۔
7. کوئی فرم جو نیشنل بُک فاؤنڈیشن کے ساتھ ماضی میں مقدمہ بازی میں ملوث رہی ہو یا آفر لیٹر موصول کرنے کے بعد معاہدہ کرنے میں ناکام رہی ہو وہ ٹینڈر میں حصہ لینے کیلئے اہل نہیں ہو گی اور اُس فرم کے ٹینڈر کو کھولے بغیر واپس کر دیا جائیگا۔
8. PCSIR سے رپورٹ موصول ہونے پر کامیاب ٹینڈر دہندگان کو تاریخ اور وقت کے متعلق بذریعہ خط، ٹیلیفون کے ذریعے تحریری معاہدہ (Annex-D) کرنے کو کہا جائے گا۔
9. تمام پیشکشیں غیر مشروط ہونی چاہیے بصورتِ دیگر مسترد کر دی جائیں گی۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر (پروڈکشن)

**Annex– A**

**(-/Rs.100 کے اشٹام پیپر پر پیش کریں)**

# سرٹیفکیٹ / اقرارنامہ

نمبر1۔ ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ہم نے مطلوبہ پیپر کی تصریحات اور ٹینڈ کی شرائط وضوابط بغور پڑھ لی ہیں اور اس میں دی گئی شرائط وضوابط کی پاپندی کریں گے اور فریقین کے درمیان کوئی اختلاف پیدا ہونے کی صورت میں مینیجنگ ڈائریکٹر، نیشنل بُک فاونڈیشن کا فیصلہ قبول کرینگے۔

نمبر2۔ ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ورجن پلپ کریم ووَ پرنٹنگ پیپر(لوکل)(Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ور بلیچ کارڈ(امپورٹڈ) کی پیشکش ٹینڈر میں دیے گئے مطلوبہ معیار اور تصریحات کے مطابق ہے اور ہم اس بات کی یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم ٹینڈر کے ساتھ دیئے گئے سیمپل / نمونہ جات کے مطابق سپلائی کریں گے۔

نمبر3۔ ہماری طرف سے پیش کردہ ورجن پلپ کریم ووَ پرنٹنگ پیپر(لوکل) (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) ور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) ________ میں تیار کردہ ہے جو کہ ________ میں تیار کیا گیا ہے۔
ملک کا نام — سال

نمبر4۔ اگر ادارے(این بی ایف) کو مطلوبہ پیپر کے علاوہ اضافی پیپر درکار ہوا تو ہم (کل تعداد کا) %15 اضافی پیپر دیے گئے نرخ کے مطابق دینے کے پابند ہیں۔ علاوہ ازیں اگر مذکورہ پیپر کے مزید ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوئی تو ان ٹیسٹوں کی فیس بھی ہم ادا کرنے کے پابند ہونگے۔

نمبر5۔ ہم اس بات کو قبول کرتے ہیں کہ ٹینڈر دستاویزات میں شرائط وضوابط کے سیریل نمبر16 تا17 میں دیا گیا فراہمی کا شیڈول اس کی اصل روح ہے جس کی پابندی ہم پر لازم ہے۔ اس میں کسی قسم کی کوتاہی کی صورت میں ہم اس بات کو غیر مشروط طور پر قبول کرتے ہیں کہ فراہمی شیڈول میں تاخیر ہونے کی صورت میں **(5,000)** پانچ ہزار روپے یومیہ جرمانہ وصول کیا جائے۔

نمبر6- ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ہمارا ٹینڈر غیر مشروط ہے۔

دستخط________

نام________

کمپنی / فرم________

مہر________

تاریخ________

**Annex– B**

(-/Rs.100 کے اشٹام پیپر پر پیش کریں)

# بیان حلفی

منکہ مسمی---------ولد---------- میسرز--------------------------پتہ---------------------

کامالک ہوں۔ یہ کہ حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ میری فرم / کمپنی میسرز---------------------پتہ-------------------

کو کبھی بھی کسی سرکاری / نیم سرکاری / خود مختار ادارے نے بلیک لسٹ نہیں کیا اور یہ کہ فرم / کمپنی کے خلاف کسی قسم کی کوئی بھی قانونی کارروائی زِیر عمل نہ ہے۔ مندرجہ بالا معلومات درست اور صحیح ہیں اور اس میں کوئی عمل مانع نہ ہے۔

# المحلف

مسمی--------------ولد-------------

میسرز--------------پتہ-------------

**Annex-C**

# ٹینڈر پر فارما Tender Performa (فنانشل پروپوزل)

- مندرجہ ذیل ورجن پلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر لوکل (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local)، اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) کے نرخ فی میٹرک ٹن اور فی پیکٹ بحساب پاکستانی کرنسی میں واضح طور پر دیئے جائیں۔

| نمبر شمار | سائز/گرامیج | تعداد/مقدار | نرخ فی میٹرک ٹن | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | لاہور پہنچ بشمول تمام ٹیکس | پشاور پہنچ بشمول تمام ٹیکس | اسلام آباد پہنچ بشمول تمام ٹیکس |
| 1. | ورجن پلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر لوکل گرام 68 (Virgin pulp Cream Wove Printing Paper Local) | 500 میٹرک ٹن | ______ فی میٹرک ٹن | ______ فی میٹرک ٹن | ______ فی میٹرک ٹن |
| 2. | 23x36/210 گرام بلیچ کارڈ (امپورٹڈ) | 10,000 پیکٹ | ____-__ فی پیکٹ | ______ فی پیکٹ | ______ فی پیکٹ |

نوٹ:- ٹینڈر دہندہ (جو پارٹیاں 68 گرام ورجن پلپ کریم ووپرنٹنگ پیپر لوکل میں شمولیت/حصہ لے گا) اپنے ریٹ گرامیج کے حساب سے دے۔ سائز این بی ایف **حسبِ ضرورت** 23x36، 22.5x34.5 اور 20x30 اپنے سپلائی آرڈر میں واضح کردے گا علاوہ ازیں این بی ایف مندرجہ بالا تعداد میں کمی وبیشی کر سکتا ہے۔

دستخط______________

نام______________

کمپنی/فرم______________

مہر______________

تاریخ______________